نمبر ۲۹

RAMPUR STATE GAZETT

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۷ محرم الحرام سنہ ۱۳۴۷ھ مطابق ۱۶ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۱۷ جون سنہ ۱۹۲۸ء

بموجب رپورٹ شیر محمد خان ہیڈ ماسٹر مڈل اسکول کی تنخواہ مین دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے - [illegible] احکام کو عدالت واپس ہون -

حسب الحکم مستطاب صاحب سکریٹری [illegible]

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعد عرض [illegible]

جناب والا

شیر محمد خان ہیڈ ماسٹر مڈل اسکول نہایت قابل، ذہین اور [illegible] خدمت گذار شخص ہے - گست سنہ ۱۹۲۵ء مین [illegible] انکا تقرر ہوا ہے - اسوقت اس مدرسہ کی حالت بہت خراب تھی - اس تھوڑی مدت مین باعتبار [illegible] طلبا اور باعتبار تعلیم مدرسہ کی حالت بہت اچھی ہے انسپکٹر نے معائنہ مین نوٹ کیا ہے کہ مدرسہ کا انتظام بھی بہت اچھا ہے - [illegible] نتیجہ ہے کہ امسال مڈل اسکول سے پانچ طلبا فائنل امتحان مین شریک ہوے جنمین سے چار پاس ہوے - چارون طلبا کی دوسری زبان انگریزی تھی - ساتوین درجہ تک طلبا نے انگریزی کی تعلیم مڈل اسکول مین [illegible] انگریزی کی تعلیم اس مدرسہ مین شروع کراے ہوے دو سال ہوے ہین جو مدت نہایت قلیل ہے [illegible] ٹیچر [illegible] کی وہان گنجائش ہے - جو ٹیچر تہا اسکا کام قابل اطمینان تہا - یہ سب ہیڈ ماسٹر کی محنت کا نتیجہ ہے جسنے انگریزی تعلیم مین بھی پانچ لڑکون کو مدد دیکر امتحان کے قابل بنا دیا - شیر محمد خان کو بالفعل تیس روپیہ تنخواہ ملتی ہے جو باعتبار کارگذاری کے [illegible] - شیر محمد خان معقول اضافہ تنخواہ کے مستحق ہین - [illegible] انکی موجودہ تنخواہ مین دس روپیہ [illegible] اضافہ [illegible] لہذا عرضداشت باامید منظوری اضافہ [illegible] اجلاس ہمایون ہے - دولت و اقبال جاوید باد

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ تنخواہ ہیڈ ماسٹر صاحب مڈل اسکول	۱
۲	[illegible]	۲
۳	رخصت [illegible]	۲
۴	[illegible]	۲
۵	[illegible]	۲
۶	[illegible]	۲و۳
۷	[illegible]	۳
۸	[illegible]	۳
۹	رخصت [illegible]	۳
۱۰	[illegible]	۳
۱۱	[illegible]	۳
۱۲	رخصت [illegible]	۴
۱۳	[illegible]	۴
۱۴	[illegible]	۴
۱۵	[illegible]	۴
۱۶	[illegible]	۴
۱۷	رخصت [illegible]	۴
۱۸	[illegible]	۴
۱۹	[illegible]	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۲۰ر جون ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ سردار صاحب ڈیوڑھی مبارک دربارہ اضافہ تنخواہ مبلغ پانچروپیہ ماہوار محمد شفیع محرر ڈیوڑھیات مبارک بلحاظ کثرت کام و محنت و حاضر باشی و کمی تنخواہ۔

حکم

محمد شفیع محرر کی تنخواہ مین بموجب رپورٹ پانچروپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۱۱ر جون ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت یک ماہ از ۱۵ر جون ۱۹۲۸ء سید امیر حیدر مہتمم کارگیش خانہ بذمہ داری سید برادر حسین نائب مہتمم۔

حکم

سید امیر حیدر کی رخصت یکماہ بموجب رپورٹ منظوری بکفالت المعرض اجرای احکام واپس ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ر جون ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر۔

حکم

بموجب صراحت رپورٹ منظوری دیجاتی ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیٰحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

عرضداشت — جناب عالی — نمبر سابقہ

عبد الکفیل محرر سررشتہ کی رخصت یکماہ واسطے انتظام ہے بتاریخ ۱۰ر مئی ۱۹۲۸ء منظور ہوئی تھی کی بجائے برجباسی لال چپڑاسی کار نظارت انجام دین اور برجباسی لال کی بجائے صفدر علیخان جو بوقت رخصت اسکا کام کرتا تھا اور اب محرر دیہات ہوکر منشیی انجام دے۔ رخصت یکماہ ختم ہوگئی مزید رخصت من ابتداء ۱۰ر جون ۱۹۲۸ء لغایت ۱۹ر جون ۱۹۲۸ء و علالت طلب کرتے ہین۔ بانتظام سابقہ رخصت قابل منظوری ہے۔ بعد ختم رخصت برخاست حاضری ملازمین بدستور پنا کام کریگا۔ اور صفدر علیخان بدستور خدمت منشی مین بجائے برجباسی لال۔ اور برجباسی لال کار نظارت انجام دینگے۔ عرضداشت بامید منظوری بحضور عالی پیش ہے تنخواہین دونون کی مساوی ہین۔ تبادلہ خدمت سے تنخواہ پر کسی کی اثر نہ پڑیگا۔ دولت و اقبال ہمیشہ بترقی باد

تقرر

۲۳ر جون ۱۹۲۸ء

رپورٹ منظور ہے۔ کاغذ بغرض اجرای احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیٰحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

عرضداشت — جناب عالی — نمبر سابقہ

بموجب سکیم منظور شدہ ہائی اسکول مین چار گریجویٹ ٹرینڈ اور چار سی ٹی ملازم رکھنا ہین جنمین سے ایک گریجویٹ ٹرینڈ کا تقرر ہوچکا ہے۔ باقی استادون کے لئے اشتہار دیا گیا تو آج ایک استاد سید کاظم حسین ایم۔ اے۔ بی۔ ٹی ساکن موضع سیدنگلی ضلع مرادآباد آگئے ہین۔ انکا تقرر ایکسو روپیہ ماہوار تنخواہ پر ہوگا۔ اور دس روپیہ سالانہ ترقی ماہوار ملیگی۔ انکی شرط قرار پائی ہے کہ ریاست کو ہر وقت علحدگی کا اختیار ہوگا۔ اور وہ اگر کام ترک کرنا چاہین گے تو سیشن قبل سے تین ماہ کا میعادی نوٹس دینگے کہ نوٹس کی مدت شروع ہونے کے وقت ختم سیشن مین تین ماہ سے کم باقی نہ ہون۔ سید کاظم حسین صاحب کے تقرر کیوجہ سے ایک ان ٹرینڈ گریجویٹ کو برخاست کرنا ہوگا۔ لہذا ماسٹر پرشوتم سروپ بی۔ اے۔ بی کی برخاستگی بدانست تنخواہ مناسب ہے۔ ماسٹر پرشوتم سروپ کی برخاستگی ۵ر جولائی ۱۹۲۸ء سے ہوگی اور سید کاظم حسین ایم اے کی تنخواہ تاریخ کارکردگی سے ملیگی۔ عرضداشت بامید صدور حکم ارسال اجلاس ہمایون ہے۔ دولت و اقبال ہمیشہ باد

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت عرضداشت و منظوری اجلاس ہمایون برخاستگی ماسٹر پرشوتم سروپ بی اے اور تقرر سید کاظم حسین ایم اے کے احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۵ر جولائی ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۵ر جولائی ۱۹۲۸ء

حسب استدعائے لفٹننٹ علاؤ الدین احمد خان اے ڈی سی۔ انکی تین ماہ کی رخصت باتنخواہ بسلسلہ رخصت سابقہ منظور ہوئی۔

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر، صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے پاس اور ایک نقل سررشتہ بخشیگری کو بھیجی جائے۔

حسب الحکم بدستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

وظیفہ

۵ جولائی ۱۹۲۸ء

عبدالرشید خان کا وظیفہ دس روپیہ ماہوار خالی ہوا ہے۔ وہ بموجب رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر نعیم الزمان صدیقی کے لیے تا تعلیم منظور کیا جاتا ہے کاغذات بغرض اجرا احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم بدستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

منسوخی رخصت

۵ جولائی ۱۹۲۸ء

مثنہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ منسوخی رخصت سابقی دو ماہ منشی محمد ارشاد اللہ خان صاحب ڈسٹرکٹ سیشن جج

حکم

رخصت منسوخ کیجائے۔ کاغذات بغرض اجرا احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم بدستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۹ جولائی ۱۹۲۸ء

مثنہ رپورٹ صاحب فائننشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت مزید دو ہفتہ سید ناظر الحسن صاحب ہوش بخشی فوج از ۲۸ جون ۱۹۲۸ء

حکم

بموجب رپورٹ ۲۸ جون ۱۹۲۸ء سے دو ہفتہ کی رخصت سید ناظر الحسن ہوش بخشی فوج کی منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم بدستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

الاؤنس

۹ جولائی ۱۹۲۸ء

مثنہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری تقرر الاؤنس مبلغ دس روپیہ ماہانہ سلطان احمد خان نگران مطبع تا زمانہ انچارجی مہتمم صاحب مطبع۔

حکم

بموجب رپورٹ سلطان احمد خان کا دس روپیہ ماہوار الاؤنس تا زمانہ انچارجی منظور ہے۔ کاغذ واپس ہو۔

حسب الحکم بدستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۷ جولائی ۱۹۲۸ء

وقت روانگی شملہ حکم جاری کیا گیا تھا کہ اجلاس ہذا کے جملہ کاغذات پر صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت بائی آرڈر دستخط کریں گے۔ روبکار ہذا سے احکام جاری کیا جاتا ہے کہ اجلاس ہذا کے جملہ اپیل کا کاغذات پر صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت بائی آرڈر دستخط کریں۔ تمام کام کے ذمہ دار جملہ ماتحت صیغہ جات اُنسے حکم حاصل کریں گے۔ البتہ حکم عدالت نز... اجلاس ہمایوں سے صادر ہوا کریگا۔ اہم معاملات کے کاغذات روزانہ ذریعہ ڈاک پیشی اور ضمیمہ درجگہ کے لئے یہاں ہمارے پاس دفتر اجلاس سے بھیجے جایا کریں۔ اگر کسی اہم معاملہ میں فوری ضرورت حکم حاصل کرنے کی پیش آئے تو اجلاس ہمایوں سے حکم حاصل کیا جائے۔ اور اگر کوئی حکم ایسے افسران ماتحت کو حاصل کرنے کی ضرورت ہو جو فوراً صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت سے حکم حاصل کریں گے اور وہ خود احکام جاری کر دیں گے۔

(۲) صاحب ملٹری سکریٹری بہادر پولیس کا انسپکشن کیا کریں گے۔ اگر کسی ملازم کا کوئی قصور پائیں گے اور سزا دلانا چاہیں گے تو اسکی رپورٹ اجلاس ہذا میں بھیجیں گے۔ اگر معمولی معاملہ ہے تو صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت بائی آرڈر بدستخط خود حکم صادر کر دیں گے۔ ورنہ وہ معاملہ یہاں ہمارے پاس تصدیق حکم کے لئے آنا چاہئے۔

(۳) ایک نقشہ ہفتہ وار ہر صیغہ کی کارگذاری کا بالخصوص صیغہ پولیس کا ہمارے ملاحظہ کے لئے یہاں آنا چاہئے۔ جس سے معلوم ہو سکے کہ کیا احکام جاری ہو رہے ہیں۔ اور انکی کیا تعمیل ہو رہی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

بدستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۷ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست در بارۂ تکمیل تنخواہ منشی حشمت علیخان نائب رجسٹرار قانونگویان تحصیل حضور بوجہ محنت و مستعدی

حکم

حسب سفارش صاحب مہتمم بندوبست حشمت علیخان نائب رجسٹرار حضور تحصیل کی تنخواہ پر ایک روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۵ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس مسمے احمد حسین ماسٹر مدرسہ چاؤ پورہ پرگنہ سوار کی ملازمت غیر مستقل میں ۱۲ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی۔

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۰ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مسمے حیدر علی مدرس بن پورہ تحصیل بلاسپور کی ملازمت غیر مستقل میں ۱۰ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۷ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء

سید امداد علی اہلمد اجلاس نے استعفا پیش کیا ہے۔ اور نامبردہ کا استعفا منظور کیا گیا ہے۔ انکی جگہ کا حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے۔

(۱) لطافت حسن خان جو رجسٹرار صدر کی جگہ کے انتظام کے سلسلہ میں مطبع سے تبدیل ہو کر عارضی طور پر سید محمد علی اہلمد اجلاس کی جگہ کام کر رہا ہے بمشاہرہ پانچ روپیہ سید امداد علی کی جگہ مستقل کیا جائے۔ انکو بھی علاوہ وقت [illegible] اس ہی شرط کے ساتھ کام کرنا ہوگا جو سید امداد علی کے تفویض تھا۔

(۲) بجائے سید محمد علی حافظ محمد یعقوب خان معاون محرر سررشتہ سکریٹری مدارس انکی موجودہ تنخواہ پر تبدیل کیا جائے۔

(۳) بجائے حافظ محمد یعقوب خان کے غلام احمد خان عارضی محرر سررشتہ سکریٹری مدارس میں پانچ روپیہ ماہوار تنخواہ پر معاون محرر مقرر کیا جائے۔

انتظام (۲) و (۳) رجسٹرار صدر کی جگہ کے سلسلہ میں ہیں۔ لہذا عارضی ہوگا۔

حکم ہے کہ

حسب صراحت صدر احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۹ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء

بسلسلہ استعفا سید امداد علی اہلمد اجلاس محمد یعقوب خان معاون محرر سررشتہ سکریٹری اجلاس ہذا میں تبدیل کر کے بجائے انکے غلام احمد خان کا تقرر کیا گیا ہے۔ انسپکٹر صاحب مدارس کے یہاں دو محرر ہیں اور کام کی کثرت ہے۔ اسلئے انسپکٹر صاحب کی خواہش ہے کہ کوئی تجربہ کار اہلکار انکے دفتر میں مامور کیا جائے۔ لہذا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ سید عبد القیوم محرر محافظ خانہ دیوانی تنخواہ دار [illegible] ماہوار باضافہ تین روپیہ ماہوار سررشتہ انسپکٹری میں تبدیل کئے جائیں۔ اور محمد رشید خان محرر محافظ خانہ فوجداری محافظ خانہ دیوانی میں بجائے سید عبد القیوم تبدیل ہوں۔ اور غلام احمد خان سررشتہ سکریٹری مدارس سے محافظ خانہ فوجداری میں تبدیل ہو۔

حکم ہے کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۹ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء

مثل یادداشت صاحب جج خفیفہ در بارۂ رخصت یکماہہ سید رضا الحق اہلمد بوجہ علالت بعوض سید بقاء الحق ابرنس۔

حکم

رضا الحق اہلمد کی رخصت ایکماہہ بعوض مجوزہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۹ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء

مثل یادداشت مفتی صاحب عدالت معتمدہ عدالت العالیہ در بارۂ منظوری رخصت مسمی [illegible] بوجہ علالت ۳ جولائی لغایت ۱۱ جولائی

حکم

[illegible] کی رخصت منظور ہو کام کا انتظام حسب تجویز مفتی صاحب کر دیں۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۸ لغایت ۱۴ جولائی ۱۹۲۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۶۷ ۶ ۶۲ ۶۱ ۶۴ / ۶۵ ۶۱ ۶۶		۱۴ ۸۲			۶۱۰	
نخود خالص	۷ ۸		۶۱۰			۱۰ ۸	
نخود گرہ آہنر	۱۰ ۸		۸ ۸			۸ ۸	
کسہ	۸ ۸		۵ ۸			۹ ۸	
ماش	۶ ۸		۷ ۸			۶ ۸	
مونگ	۱۰ ۳		۰			۱۰ ۵	
مکا	۰		۱۰			۸ ۸	
جئی	۱۰ ۱۱		۱۰ ۱۱			۱۱ ۸	
گوجئی	۱۰ ۱۱		۹ ۸			۹ ۸	
عدس	۸ ۸		۱۰ ۵			۸ ۸	
ارہر	۱۰ ۶		۱۰ ۵			۸ ۸	
برنج	۱۰ ۳		۱۰ ۳ ۱۰ ۷			۵ ۸	
روغن زرد	۱۰ ۷		۱۰ ۵			۱۰	
روغن سیاہ	۱۰ ۱		۱۰ ۱			۱۰ ۱	
روغن کنجد	۱ ۱		۱ ۱			۱ ۱	
نمک سامبھر	۱۲ ۸		۱۲ ۸			۱۲ ۸	
نمک لاہوری	۶ ۸		۶ ۸			۸ ۸	
قند سیاہ	۱۰ ۵		۵ ۸			۱۰ ۸	
باجرہ	۷ ۸		۰			۸ ۸	

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدا ۶ جولائی لغایت ۱۲ جولائی ۱۹۲۸ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۶ جولائی ۱۹۲۸ء یوم جمعہ	۰	۲۳½	۰	۶۱	۰	۴۶	۰	۱۲	۰	۲۰	۲	۱۸
۷ جولائی ۱۹۲۸ء یوم شنبہ	۰	۲۳½	۰	۶۱	۰	۴۶	۰	۱۲	۰	۲۰	۰	۱۸
۸ جولائی ۱۹۲۸ء یوم یکشنبہ	۵۵	۷۸½	۴۵	۱۰۶	۴۵	۹۱	۳۷	۴۹	۶۰	۸۰	۵۲	۷۰
۹ جولائی ۱۹۲۸ء یوم دوشنبہ	۳۱½	۱۱۰	۳۵	۱۴۱	۳۰	۱۲۱	۱۷	۶۶	۱۵	۹۵	۱۸	۸۸
۱۰ جولائی ۱۹۲۸ء یوم سہ شنبہ	۰	۱۲۱	۲	۱۴۳	۴	۱۲۵	۰	۶۶	۰	۹۵	۰	۸۸
۱۱ جولائی ۱۹۲۸ء یوم چہارشنبہ	۰	۱۱۰	۰	۱۱۰	۰	۱۲۵	۰	۶۶	۰	۹۵	۰	۸۸
۱۲ جولائی ۱۹۲۸ء یوم پنجشنبہ	۰	۱۱۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۹۵	۰	۸۸

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ .... ماہواری مئی سنہ ۱۹۲ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	تفصیل پیدائش: مرد ہندو	تفصیل پیدائش: عورت مسلمان	تفصیل پیدائش: عورت ہندو	تفصیل پیدائش: میزان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک مرد	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک عورت	تفصیل فوتی: ۵ سال سے ۱۲ سال تک مرد	تفصیل فوتی: ۵ سال سے ۱۲ سال تک عورت	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ مرد	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ عورت	تفصیل فوتی: میزان مرد	تفصیل فوتی: میزان عورت	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	تفصیل امراض: چیچک	تفصیل امراض: تپ	تفصیل امراض: متفرق	تفصیل امراض: مارگزیدہ	تفصیل امراض: دیگر درندہ جانوروں کے کاٹنے سے	تفصیل امراض: طاعون	از خانہ نمبر ۱۵ تا خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۳	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۲	۹	۲۰	۷	۵۹	۴۴	۱۵	۳۵	۱۹	۲	۱	۱۵	۲۳	۵۲	۴۳	۶۷	۲۸	۲	۵	۰	۸۸	۰	۰	۰	۹۵	
گنج	۱۵	۱	۸	۲	۲۶	۲۳	۳	۷	۷	۴	۱	۱۰	۸	۲۱	۱۶	۳۱	۶	۰	۰	۲۱	۱۶	۰	۰	۰	۳۷	
حوالہ شہر	۱۳	۹	۵	۴	۳۱	۱۸	۱۳	۵	۶	۲	۰	۱۰	۴	۱۸	۱۰	۱۳	۱۴	۱	۰	۲۲	۰	۴	۰	۰	۲۸	
عظیم نگر	۲۸	۲۳	۱۴	۱۳	۸۱	۴۵	۳۶	۲۵	۱۱	۱	۱	۱۳	۱۲	۳۹	۲۴	۲۹	۳۳	۰	۰	۰	۲۲	۱	۰	۰	۶۳	
شاہ آباد	۵	۳۰	۱۸	۳۳	۹۳	۳۴	۵۹	۲۶	۱۳	۲	۹	۳۹	۳۰	۶۷	۵۳	۳۹	۸۱	۰	۰	۷۹	۱	۰	۰	۴۰	۱۲۰	
بٹوائی	۱۱	۵۳	۳	۳۵	۱۰۳	۱۵	۸۸	۱۰	۱۳	۸	۲	۹	۱۳	۲۷	۲۸	۷	۴۸	۱	۳	۰	۴۵	۱	۵	۰	۵۵	
ملک	۸	۷۱	۱۱	۷۶	۱۵۷	۱۹	۱۳۸	۲۵	۲۷	۳	۲	۴۱	۲۳	۶۹	۵۲	۲۰	۱۰۱	۰	۱	۰	۱۲۰	۰	۰	۰	۱۲۱	
بلاسپور	۱۵	۲۸	۱۳	۱۳	۷۰	۲۹	۴۱	۱۱	۶	۱	۱	۲۱	۱۶	۳۳	۲۳	۲۸	۲۸	۰	۰	۵۵	۰	۱	۰	۰	۵۶	
کیمری	۲۲	۲۹	۲۳	۱۱	۸۵	۴۵	۴۰	۲۴	۱۹	۳	۴	۲۳	۳۳	۵۰	۵۷	۷۹	۲۸	۱	۱	۳۲	۴	۱	۰	۶۹	۱۰۷	
سوار	۲۰	۱۴	۸	۱۱	۵۶	۲۸	۲۸	۱۲	۳	۱	۱	۲۰	۱۹	۳۳	۲۳	۳۱	۲۵	۰	۱	۵۰	۴	۲	۰	۰	۵۶	
ٹانڈہ	۱۸	۱۸	۱۹	۱۷	۷۲	۳۷	۳۵	۱۷	۱۶	۶	۴	۲۸	۲۶	۵۱	۴۶	۴۵	۲۲	۰	۰	۵۳	۲	۰	۰	۴۲	۹۷	
میزان	۱۸۹	۲۹۶	۱۲۷	۲۱۲	۸۳۳	۳۲۵	۵۰۸	۱۸۷	۱۵۱	۳۳	۲۶	۲۱۹	۲۱۸	۴۳۹	۳۹۵	۴۱۹	۴۱۵	۵	۱۰	۳۱۲	۳۴۲	۱۰	۵	۱۵۰	۸۳۴	